# 13-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے Uber ادارہ پر زور دیا کہ بڑے شہروں میں پارکنگ کے بڑھتے ہوئے مسئلے پر خصوصی توجہ دی جائے اوراس کے حل کے لئے اقدامات کیے جائیں۔

۲۔ ریاستی وزیر ووِیک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ مہارت کی ترقی، زبان کی تربیت اور پیشہ ورانہ تربیت کے ذریعے مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کے روزگار کے مواقع فراہم کرنا تلنگانہ اوورسیز مین پاور کمپنی لمیٹڈ کا بنیادی مقصد ہے۔

۳۔ ریاستی وزیر سیتا اکا نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ 'پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا' کے تحت اس ماہ کی 25 سے 31 تاریخ تک منعقد ہونے والے خواتین ہفتہ تقریبات کو ریاست بھر میں کامیابی سے منظّم کرنے کے لئے جامع منصوبہ بندی کی جائے۔

۴۔ حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست کے بعض اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔

Vakiti Srihari

ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے کرشنا ندی پر 123 کروڑ روپیوں کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے پل کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ پل کے تعمیراتی کاموں کے ذریعہ آتماکور کو ترقی حاصل ہوگی۔ آنے والے سال تک اس کو مکمل کرتے ہوئے دستیاب کروایا جائے گا۔ اس کے لئے حکومت نے ایک نشانہ مقرر کیا ہے۔ واکٹی سری ہری نے کہا کہ پل کا کام مکمل ہونے پر حیدرآباد سے منترالیم تک 60 کلومیٹر مسافت میں کمی آئے گی۔ ٹرانسپورٹ تجارتی شعبوں میں آتماکور اورگدوال کے علاقے ترقی کریں گے۔ انہوں نے موسم بارش تک پلرس کے کاموں کو مکمل کرتے

ہوئے معیاری کاموں کوانجام دینے اورکاموں میں تیزی پیدا کرنے عہدیداروں کو ہداتی دی۔

PTC - Mahabubnagar

Jupally Krishna Rao

وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے مشن بھاگیرتا کے حکام کو ہدایت دی ہے کہ گرمیوں کے دوران پینے کے پانی کی قلت پیدا نہ ہونے دینے کے لئے مؤثر اور جامع اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے ونپرتھی ضلع کے کلکٹر آدرش سوربھی کے ساتھ مختلف منڈلوں کے انجینئرنگ افسران کا جائزہ اجلاس منعقد کیا۔وزیر نے اس بات پر افسران سے سوال کیا کہ 2040 کی آبادی کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا منصوبہ 2026 تک بھی عوام کو مکمل طور پر کیوں فراہم نہیں ہوسکا۔انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ زمینی سطح پر دورہ کر کے مسائل حل کریں اور عوام کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہونے دیں۔اسی دوران وزیر نے آر اینڈ بی محکمہ کے تحت منظور شدہ مختلف ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا اور انہیں جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔

PTC - Wanaparthy

CCMB

سی سی ایم بی کے سائنس دانوں نے پودوں میں وائرس کے انفیکشن کو روکنے والے ایک اہم حفاظتی نظام کی نشاندہی کی ہے۔ڈاکٹر مندار دیشمکھ کی قیادت میں کی گئی اس تحقیق کے مطابق، پودے وائرس کے جینیاتی مادے کو قابو میں رکھنے کے لئے مائع شکل میں موجود چپکنے والے پروٹین کے قطروں کا استعمال کرتے ہیں۔تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ ان پروٹینز میں موجود خاص برقی چارجز ایک دوسرے کو اپنی طرف کھینچتے ہیں جس کے نتیجہ میں جَل جیسی موٹی تہہ بن جاتی ہیں۔ یہ تہہ وائرل آر این اے کو جکڑ لیتی ہیں اور اسے بڑھنے سے روک دیتی ہیں۔سائنس دانوں کے مطابق یہ دریافت مستقبل میں بہتر

فصلوں کی اقسام تیار کرنے اور انسانی بیماریوں کے علاج میں بھی مددگار ثابت ہوسکتی ہے۔

Desk

## Inflation in Southern States

جنوبی ریاستوں میں مہنگائی کے اعداد و شمار میں اپریل کے دوران جنوبی ہند کی ریاستیں ملک بھر میں پہلے چار مقامات پر رہی ہیں۔ ملک کی اوسط مہنگائی شرح 3.48 فیصد ریکارڈ کی گئی جبکہ تلنگانہ 5.81 فیصد کے ساتھ پہلے مقام پر اور آندھرا پردیش 4.20 فیصد کے ساتھ دوسرے مقام پر رہا۔ شہری علاقوں کے مقابلے میں دیہی علاقوں میں قیمتوں میں اضافہ کا اثر زیادہ دیکھا جا رہا ہے۔ مرکزی حکومت کے مطابق جنوری سے مہنگائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ٹماٹر اور زیورات کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ پیاز اور دالوں کی قیمتوں میں کمی دیکھی گئی۔

Desk

## Usage of Electric Vehicles

تلنگانہ میں الیکٹرک گاڑیوں کے استعمال کو فروغ دینے کے لئے حکومت نے 2030 تک 6 ہزار اور 2035 تک 12 ہزار چارجنگ مراکز قائم کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ ریاست میں اس وقت 2.8 لاکھ سے زائد ای وی گاڑیاں موجود ہیں جبکہ ان کی مارکیٹ ویلیو 6 ہزار 297 کروڑ روپے تک پہنچ چکی ہے۔ محکمہ توانائی کے سکریٹری نوین متل کے مطابق ان گاڑیوں کو روڈ ٹیکس اور رجسٹریشن فیس سے مکمل استثنیٰ دیا جا رہا ہے۔ حیدرآباد میں 2027 تک 2 ہزار 800 الیکٹرک بسیں دستیاب کرانے کے لئے منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ پی ایم ای۔ ڈرائیو اسکیم کے تحت مزید 116 مقامات پر نئے چارجنگ اسٹیشن قائم کرنے کے لئے فنڈز بھی منظور کئے گئے ہیں۔

Desk

Kalvakuntla Kavitha

کے کویتا نے مطالبہ کیا ہے کہ ریاستی حکومت آبی منصوبوں کی تکمیل کو ترجیح دیتے ہوئے فوری طور پر فنڈس جاری کرے۔ انہوں نے سوال کیا کہ پڑوسی ریاست آندھرا پردیش اپنے پروجیکٹس کے معاملہ میں متبادل منصوبہ بندی کررہی ہے،تو تلنگانہ حکومت کیوں ناکام ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ حکومت نے ان منصوبوں پر بھاری فنڈس خرچ کئے تھے جبکہ موجودہ حکومت بھی ہزاروں کروڑ روپے مختص کرنے کی بات کررہی ہے۔اس کے باوجود ریاست دریائے کرشنا اور گوداوری میں اپنے مکمل حصہ کے پانی کو استعمال کرنے میں ناکام ہورہی ہے۔کویتا نے اس صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آبی وسائل کے موثر استعمال کے لئے سنجیدہ اقدامات کی ضرورت ہے۔

Desk

Board of Intermediate Education

تلنگانہ انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن بورڈ نے واضح کیا ہے کہ انٹر داخلوں کے دوران منشیات کی روک تھام سے متعلق طلبہ اور والدین کو نوٹری شدہ حلف نامہ جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔بورڈ کے مطابق صرف آگاہی کے مقصد سے ایک سادہ ڈیکلریشن فارم جمع کرانا کافی ہوگا اور اس کے لئے نوٹری کے پاس جاکر اضافی اخراجات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔سکریٹری نے بتایا کہ اس سلسلہ میں تمام کالجوں کے پرنسپلوں کو پہلے ہی ہدایات جاری کی جاچکی ہیں۔ڈیکلریشن فارم بورڈ کی سرکاری ویب سائٹ پر بھی دستیاب کردیے گئے ہیں۔بورڈ نے کالج انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ داخلہ عمل کے دوران طلبہ کو کسی قسم کی پریشانی میں نہ ڈالا جائے اور تمام ضوابط پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

Desk

Festival of Folk Songs

آ کا شوانی حیدرآباد مرکز کے زیر اہتمام کل شام ’پلے پاٹالا پنڈوگا‘ کے عنوان سے ایک خصوصی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔آ کا شوانی تلنگانہ ریاستی ریجنل چینل کے منیجر بانوتو ہری سنگھ نے ایک بیان میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ آ کا شوانی کے قیام کے 90 سال مکمل ہونے کے موقع پر ملک بھر میں تقریبات منعقد کی جارہی ہیں۔اس سلسلے میں گزشتہ سال جون سے مختلف تخلیقی پروگرام ترتیب دئے جارہے ہیں اوراسی ضمن میں شامل یہ خصوصی تقریب کل شام تلگو یونیورسٹی کے احاطہ میں واقع این ٹی آر آڈیٹوریم میں منعقد ہوگی۔اس پروگرام میں ڈاکٹر گورٹی وینکنا مہمانِ خصوصی کے طور پر شرکت کریں گے جبکہ گڈم رمیش کی ٹیم دیہی گیت پیش کرے گی اوراینوگُلا نرسیا کی ٹیم اُوگوکتھا کے ذریعہ سامعین اپنی جانب راغب کرے گی۔

desk

Uber

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے Uber ادارہ پر زوردیا کہ بڑے شہروں میں پارکنگ کے بڑھتے ہوئے مسئلے پر خصوصی توجہ دی جائے اوراس کے حل کے لئے اقدامات کیے جائیں۔حیدرآباد کے جوبلی ہلز میں وزیراعلیٰ سے Khosrowshahi Dara کی قیادت میں اوبر کے ایک وفد نے ملاقات کی۔اس دوران انہوں نے وزیراعلیٰ کو تلنگانہ میں اوبر کی کاروباری سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کیں۔اوبر کے سی ای او نے بتایا کہ حیدرآباد میں اوبر سنٹر آف ایکسی لینس کو وسعت دی جارہی ہے جو امریکہ کے باہر قائم ہونے والا پہلا ایسا مرکز ہے، جہاں اس وقت 600 انجینئرس کام کررہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کے فیوچر سٹی میں اوبر کے کارپوریٹ آفس کی تعمیر کے لئے بھی وہ تیار ہیں۔

Desk

Course

تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے آج لوک بھون میں سوراورم پرتاپ ریڈی تلگو یونیورسٹی کے زیر اہتمام بھکت راماداسو کیرتنالو سرٹیفکیٹ کورس 2026 کا افتتاح کیا۔اس موقع پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر نیتا نندراؤ سمیت دیگر حکام نے بھی شرکت کی۔

Desk

Review

ریاستی وزیر جنگلات وانڈومنٹ کونڈا سریکھا نے سکریٹریٹ میں ٹائیگر ریز روواپو پر محکمہ جنگلات کے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔اجلاس میں محکمہ جنگلات کے اسپیشل سکریٹری احمد ندیم اور محکمہ جنگلات کے عہدیدار سی سورنا اور دیگر نے شرکت کی۔

Desk

Weather

حیدرآباد محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے کہ آئندہ تین دنوں کے دوران ریاست کے بعض اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ پرسوں سے شمالی تلنگانہ کے بعض اضلاع میں گرم لہریں بھی چلنے کا امکان ہے۔

Desk

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے افسران کو ہدایت دی ہے کہ 'پرجا پالنا پرگتی پرنالیکا' کے تحت اس ماہ کی 25 سے 31 تاریخ تک منعقد ہونے والے خواتین ہفتہ تقریبات کو ریاست بھر میں کامیابی سے منظّم کرنے کے لئے جامع منصوبہ بندی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ ان پروگراموں میں خواتین کو بااختیار

بنانے کے لئے ریاستی حکومت کی اسکیموں، روزگار کے مواقع اور مالی خود کفالت کے اقدامات کو واضح طور پر عوام تک پہنچایا جائے۔ وزیر نے ہدایت دی کہ ہر دن مختلف شعبوں میں خواتین کی کامیابیوں کو اجاگر کرنے کے لئے خصوصی شیڈول تیار کیا جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ کم از کم 4 ہزار دیہات میں خواتین کمیونٹی ہالز کی تعمیر کے لئے سنگ بنیاد رکھنے کے انتظامات کئے جائیں۔

desk

Minister Vivek Venkatswamy

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ مہارت کی ترقی، زبان کی تربیت اور پیشہ ورانہ تربیت کے ذریعے مقامی نوجوانوں کو عالمی معیار کے روزگار کے مواقع فراہم کرنا تلنگانہ اوورسیز مین پاور کمپنی لمیٹڈ کا بنیادی مقصد ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جرمنی میں روزگار کے مواقع کے لیے خصوصی تربیتی کلاسز 10 جون 2026 سے شروع ہوں گی۔ وہ منچیریال ضلع کے مندرمری میں واقع اسکل ڈولپمنٹ ٹریننگ سینٹر میں منعقدہ جرمنی جاب ٹریننگ کیمپ سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وزیر نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو بیرون ملک روزگار کے قابل بنانے کے لیے منظّم تربیت فراہم کر رہی ہے۔

PTC - Mancherial

Sound Byte

○○